**20-04-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS**

سرخیاں

(۱) پی سی سی صدر و وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حلقہ پارلیمنٹ میدک میں گزشتہ 10 سال کے دوران کوئی ترقیاتی کام انجام نہیں دئے گئے۔

(۲) نرمل ضلع میں واقع کستور با گاندھی بالیکا ودیالیہ کے 11 طلبہ ہاسٹل میں کل رات کا کھانا کھانے کے بعد بیمار پڑ گئے۔

(۳) بی آر ایس کے ایم ایل اے ہریش راؤ نے ریاست کے ہاسٹلوں کی موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اِس طرح کے واقعات کو روکنے کا مطالبہ کیا۔

اور

(۴) ریاست کے چند ایک اضلاع میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ اولے گرنے، بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا قوی امکان ہے۔ ریاست کے کئی مقامات پر گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران غیر موسمی بارش ہوئی۔

☆☆☆

ضلع نرمل کے نرساپور منڈل میں واقع کستور با گاندھی بالیکا ودیالیہ (کے جی بی وی) کے 11 طلبہ کل اپنے ہاسٹل میں رات کا کھانا کھانے کے بعد بیمار ہوگئے۔ پچھلے تین ہفتوں کے دوران یہ اس طرح کا دوسرا واقعہ ہے۔ کے جی بی وی، انچارج اسپیشل آفیسر ونیتا نے کہا کہ کل شب 10 بجے ڈنر کے بعد 11 طلبہ نے پیٹ میں درد اور ڈائریا کی شکایت کی۔ تین طلبہ کو نرمل کے ایک دواخانہ میں شریک کرایا گیا جبکہ دیگر 7 طلبہ کو اُن کے والدین کی خواہش پر گھر روانہ کر دیا گیا۔ ونیتا نے بتایا کہ طلبہ کے سمیت غذا سے متاثر ہونے کے واقعات کو روکنے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ تاہم اولیائے طلبہ نے اسکول میں اِس طرح کے واقعات بار بار پیش آنے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اسی ماہ تین اپریل کو بھی اسی اسکول کے 25 طلبہ ناشتہ کرنے کے بعد مبینہ طور پر بیمار پڑ گئے تھے۔ اِس واقعہ کے بعد اُس وقت کی اسپیشل آفیسر سنیتا، ہیڈ باورچی پدما اور اکاونٹینٹ کو معطل کر دیا گیا تھا۔

☆☆☆

بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے ناگر کرنول کے لوک سبھا پارٹی امیدوار آر ایس پروین کمار کو ایک قابل لیڈر اور منتظم قرار دیا اور ناگر کرنول کے سے تعلق رکھنے والے پارٹی کارکنوں سے اپیل کی کہ پروین کی حمایت کی جائے کیونکہ اِس سے پارلیمنٹ میں تلنگانہ کے عوام کی آواز اٹھانے میں مدد ملے گی۔ سوشیل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں کے ٹی آر نے کہا کہ پروین کمار جیسے قابل لیڈر اگر پارلیمنٹ میں ریاست کی نمائندگی کرتے ہیں، تب اس سے ریاست کو فائدہ ہوگا کیونکہ وہ ایوان میں بہتر اور مزید موثر طریقہ سے ریاست کے موضوعات اٹھانے کی قابلیت رکھتے ہیں۔

☆☆☆

ریاست کے اضلاع جگتیال، سرسلہ، کریم نگر، کوتہ گوڑم، کھمم محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، وقار آباد، سنگاریڈی، کاماریڈی اور ناگر کرنول میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کے علاوہ اُولے گرنے کا قوی امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، جنگاؤں، سدی پیٹ، بھونگیر، رنگاریڈی، حیدر آباد، میڑچل ملکاجگری اور میدک میں بھی مختلف مقامات پر آئندہ پانچ دن کے دوران گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکیں گی اور 30 تا 40 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا بھی کافی امکان ہے۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نظام آباد، سدی پیٹ، کاماریڈی اور

بھونگیر اضلاع میں مختلف مقامات پر ژالہ باری ہوئی تھی۔

☆☆☆

ریاست کے بیشتر مقامات پر پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران غیر موسمی بارش ہوئی۔ ضلع نظام آباد میں بعض مقامات اور ضلع کے آس پاس کے بعض علاقوں میں اولے بھی گرے۔ ضلع جنگاؤں کے علاقہ نمیتا (Nammetta) میں آج صبح سے 48.5 ملی میٹر بارش ہوئی ہے، جبکہ کل شام سے نظام آباد کے نوی پیٹ منڈل میں 76 ملی میٹر بارش درج کی جاچکی ہے۔ جگتیال، جنگاؤں، کاماریڈی، کریم نگر، محبوب نگر، میدک، میڑچل، ملکاجگری، ناگر کرنول، نرمل، نظام آباد، سرسلہ، رنگاریڈی اور سنگاریڈی بھی اُن اضلاع میں شامل ہیں، جہاں آج صبح سے بارش ہوئی ہے۔ حیدرآباد کے شہریوں کو بھی بارش کے سبب غیر متوقع طور پر گرمی سے راحت ملی ہے۔ شہر بھر میں آج بارش ہونے کے علاوہ بجلیاں چمکیں۔ سعید آباد، کوتہ پیٹ، ناگول، اپل، چیتنیا پوری، راجندر نگر، چمپا پیٹ، حمایت نگر، جوبلی ہلز، الوال اور سرور نگر ان علاقوں میں شامل ہیں، جہاں کافی بارش ہوئی۔ اسی دوران غیر موسمی بارش کی بنا پر کسانوں، خاص طور پر عام اور دھان کی فصل اگانے والوں کو غیر موسمی بارش کی وجہ سے نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

☆☆☆

عظیم تر بلدیہ حیدرآباد (جی ایچ ایم سی) کے کمشنر و حیدرآباد ضلع الیکشن آفیسر رونالڈ روس نے احکام جاری کرتے ہوئے طویل رخصت پر موجود ملازمین کو فوری طور پر الیکشن ڈیوٹی کے لئے رپورٹ کرنے کی ہدایت دی ہے۔ الیکشن آفیسر نے 13 مئی کو منعقد ہونے والے پارلیمانی انتخابات کے ضمن میں عملہ کی کمی کی بنا پر تمام ملازمین کی رخصت کو منسوخ کردیا ہے۔ انہوں نے ہدایت دی ہے کہ محکمہ کی جانب سے طویل رخصت پر موجود اور بیرون ملک گئے ہوئے ملازمین فوری طور پر الیکشن ڈیوٹی کے لئے رجوع ہوجائیں۔

☆☆☆

تلنگانہ کے محکمہ انسدادِ منشیات (ڈی سی اے) نے شہر میں خون کی غیر قانونی تیاری یا سپلائی کا ایک ریاکٹ بے نقاب کیا ہے اور ایشین بلڈ سنٹر کے نام سے ایک بلڈ بینک سے پیک شدہ آر بی سی اور پلازمہ ضبط کرلیا۔ باوثوق ذرائع سے ملی اطلاعات پر ڈی سی اے نے مذکورہ بلڈ سنٹر پر دھاوا کیا جو ایشین ہیلتھ فاؤنڈیشن کا ایک یونٹ ہے۔ یہ سنٹر ڈاکٹر اے ایس راؤ نگر چوراہے پر واقع ہے، جہاں دو دن تک پولیس نے کارروائی کی۔ پولیس نے بیان میں آج یہ بات بتائی۔

☆☆☆

عالمی یوم ثقافت کے ایک حصہ کے طور پر آج بنسی لال پیٹ کے کنویں کا دورہ کیا گیا۔ اِس پروگرام میں حیدرآباد کے مختلف شعبہ حیات سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ اِس دورہ کی قیادت سینئر آرکیٹکٹ سوریہ نارائنا مورتی نے کی۔ انہوں نے اِس کنویں میں تزئین نو کے کام انجام دئے ہیں۔ چیرمین دکن ہیریٹیج اکیڈیمی ٹرسٹ ویدا کمار منی کونڈا نے اِس پراجکٹ کے تعلق سے تفصیلات پیش کیں اور ثقافت کی حفاظت کے لئے اہم باتوں کو اجاگر کیا۔ ڈاکٹر ونستا شوبھا نے بھی مختصر طور پر اظہارِ خیال کیا اور مذکورہ کنویں کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کیا۔

☆☆☆

حیدرآباد میں واقع امریکی قونصل خانہ کی ٹیم نے آج 'سوپر سیٹرڈے' کے نام سے ایک پروگرام شروع کیا تاکہ ویزٹ ویزا کی بڑھتی ہوئی مانگ کے معاملہ میں پائے جانے والے مسائل کو دور کیا جاسکے۔ تجارت سے سیاحت تک یا افرادِ خاندان سے ملاقات کے مقصد سے امریکہ جانے والے افراد کی جانب سے تقریباً 1500 درخواستیں زیرِ التوا ہیں۔ امریکی قونصل جنرل متعینہ حیدرآباد جنیفر لارسن، اِس ٹیم میں خصوصی طور پر شامل

ہوئیں، تاکہ درخواستوں کی تنقیح کے عمل میں ہاتھ بٹایا جاسکے۔ سوپر سٹرڈے نامی یہ پروگرام سال 2022ء سے چلایا جارہا ہے، جس کا مقصد امریکہ کا سفر کرنے والے ہندوستانیوں کو درپیش مسائل کو حل کرنے میں مدد کرنا ہے۔

☆☆☆

ریاست کے اقامتی اسکولوں کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بی آر ایس پارٹی کے ایم ایل اے و سابق وزیر ٹی ہریش راؤ نے ہاسٹلوں کی موجودہ صورتحال کے لئے کانگریس کو حکومت کو ذمہ دار ٹھہرایا اور حکومت اور سے مطالبہ کیا کہ مختلف ناخوشگوار واقعات کو روکنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ ہریش راؤ نے حکومت سے یہ مطالبہ بھی کیا کہ سمیت غذا سے متاثر دواخانوں میں زیر علاج طلبہ کو بہتر علاج کی سہولتیں فراہم کی جائیں۔

☆☆☆

پی سی سی صدر و وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کہا ہے کہ حلقہ پارلیمنٹ میدک میں گزشتہ 10 برسوں کے دوران آنجہانی وزیراعظم اندرا گاندھی کی جانب سے انجام دئے گئے کاموں کے ماسوا کسی اور طرح کے ترقیاتی کام انجام نہیں دئے گئے۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ صرف کانگریس کے دور میں ہی کئی بڑی صنعتیں قائم کی گئیں، جبکہ موجودہ وزیراعظم نریندر مودی اور بی آر ایس صدر و سابق سی ایم کے سی آر نے گزشتہ دس برسوں کے دوران حلقہ میدک کے لئے کچھ نہیں کیا۔ پارٹی امیدوار نیلم مدھو کے حق میں انتخابی ریالی سے خطاب کرتے ہوئے سی ایم نے بی جے پی امیدوار رگھونندن راؤ سے یہ جاننا چاہا کہ آیا جب وہ دوباک کے ایم ایل اے تھے، تب انہوں نے کیا ترقیاتی کام کئے۔ ریونت نے بی جے پی اور بی آر ایس پارٹیوں سے مطالبہ کیا کہ ضلع میدک میں انہوں نے کتنی صنعتیں قائم کی اور نوجوانوں کے لئے ملازمتوں کے لئے کتنے مواقع پیدا کئے۔ اِس بات کا اعادہ کرتے ہوئے کانگریس حکومت، 15 اگست تک کسانوں کے دو لاکھ روپے کے قرضہ جات معاف کردے گی، ریونت ریڈی نے یقین دلایا کہ حکومت کی جانب سے اگلے زرعی سیزن میں کسانوں کو بطورِ بونس 500 روپے دئے جائیں گے۔